پاکستان بنگالیز ایکشن کمیٹی کے چیئرمین شیخ فیروز کی اہلیہ محترمہ ساجدہ فیروز کی علالت پرالطاف حسین کا اظہار تشویش

لندن۔16 اکتوبر2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پاکستان بنگالیز ایکشن کمیٹی کے چیئرمین شیخ فیروز کی اہلیہ محترمہ ساجدہ فیروز کی علالت پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ان کی جلد صحتیابی کی دعا کی ہے۔انہوں نے حق پرست عوام سے بھی اپیل کی ہے کہ وہ محترمہ ساجدہ فیروز کی صحتیابی کیلئے دعا کریں۔

متحدہ قومی موومنٹ پاکستانی بنگالیوں کے آئینی حقوق کیلئے تمام فورم پر آواز اٹھائے گی، ڈاکٹر فاروق ستار

الطاف حسین دیگر قوموں کے ساتھ ساتھ پاکستانی بنگالیوں کے حقوق کیلئے بھی دن رات جدوجہد کررہے ہیں۔شیخ فیروز

پاکستان بنگالیز ایکشن کمیٹی کے زیراہتمام گلشن اقبال میں اجتماع سے خطاب

کراچی۔۔16 اکتوبر2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز اور قومی اسمبلی میں پارلیمانی لیڈر ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ محبّ وطن پاکستانی بنگالیوں کے آئینی اور سیاسی حقوق کیلئے تمام فورم پر آواز اٹھائے گی۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز گلشن اقبال میں پاکستان بنگالیز ایکشن کمیٹی کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔اجتماع سے پاکستان بنگالیز ایکشن کمیٹی کے چیئرمین شیخ فیروز اور سپریم کونسل کے اراکین نے بھی خطاب کیا۔اجلاس میں ہزاروں افراد نے شرکت کی جس میں بڑی تعداد میں خواتین، بزرگ اور نوجوانون شامل تھے۔ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ محبّ وطن بنگالیوں نے پاکستان کے قیام کیلئے لازوال قربانیاں دی ہیں جسے کوئی بھی ذی شعور نظر انداز نہیں کرسکتا۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ تمام قومیتوں سے تعلق رکھنے والے عوام کو یقین دلاتی ہے کہ وہ محبّ وطن بنگالیوں کو حقوق دینے سے انکے مفادات پر کوئی ضرب نہیں آئے گی بلکہ صوبہ سندھ اور پاکستان اس اتحاد اور یکجہتی کے باعث مزید مستحکم وترقی کرے گا۔ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ اپنے ہی ملک میں عوام کے درمیان تفریق رکھنے والا کوئی ملک اپنی سالمیت برقرار نہیں رکھ سکتا لہٰذا مظلوم محبّ وطن بنگالیوں سے کسی بھی قسم کی زیادی پر متحدہ قومی موومنٹ خاموش نہیں رہے گی بلکہ انکے جائز حقوق کیلئے ہر فورم پر آواز اٹھائے گی۔اجلاس سے پاکستانی بنگالیز ایکشن کمیٹی کے بانی وچیئرمین شیخ فیروز نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کراچی کی 108 بستیوں میں 13 لاکھ محبّ وطن پاکستانی بنگالی مقیم ہیں جنہوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کا ہاتھ مضبوطی سے تھام لیا ہے کیونکہ انہیں مکمل امید ہے کہ انکے حقوق کے حصول کیلئے ملک میں اگر کوئی خیرخواہ ہے تو وہ جناب الطاف حسین ہیں جو دیگر قوموں کے غصب شدہ حقوق کے حصول کے ساتھ ساتھ محبّ وطن پاکستانی بنگالیوں کے حقوق کیلئے بھی دن رات جدوجہد میں مصروف عمل ہیں۔

ایم کیوایم میرپورخاص کی زونل کمیٹی کو تحلیل کردیا گیا، چار رکنی نگراں کمیٹی قائم کردی گئی

میرپورخاص:۔۔۔16/اکتوبر2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ایک فیصلے کے مطابق ایم کیوایم میرپورخاص کی زونل کمیٹی کو تحلیل کردیا گیا ہے اور تنظیمی کام کو جاری رکھنے کیلئے چار رکنی نگراں کمیٹی قائم کردی گئی ہے۔اس فیصلے کا اعلان رابطہ کمیٹی کے رکن ڈاکٹر نصرت نے بلدیہ کمپلیکس میرپورخاص میں زون کے جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔نگراں کمیٹی فرخ اعظم، سیف الدین خالد، عابد زیدی اور عبدالاحد پر مشتمل ہے۔اجلاس سے اپنے خطاب میں ڈاکٹر نصرت نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی شخصیت اور تعلیمات تحریک کے تمام کارکنان کیلئے مشعل راہ ہے۔انہوں نے تمام کارکنان سے زور دیکر کہا کہ وہ قائد تحریک کے فکر وفلسفے نظریئے اور پیغام حق پرستی کو عام کرنے کیلئے اپنی بھرپور اور مثبت تنظیمی ذمہ داری پوری کریں۔اس موقع پر ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے رکن محمد خورشید نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین پورے خلوص کے ساتھ پاکستان بالخصوص سندھ دھرتی کے 98% فیصد غریب متوسط طبقے کے حقوق کیلئے کوشاں ہیں ضرورت اس امر کی ہے کہ ہمیں قائد تحریک جناب الطاف حسین کے ہاتھ مضبوط کرنا چاہئے۔

تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی کرنے پر ایم کیوایم رنچھوڑ لائن سیکٹر یوسی 5 کے کارکن محمد وسیم کا اخراج

کراچی۔۔16 اکتوبر2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی کرنے پر ایم کیوایم رنچھوڑ لائن سیکٹر یوسی 5 کے کارکن محمد وسیم ولد حاجی عبدالکریم کو تنظیم سے خارج کردیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے تمام ذمہ داران وکارکنان کو ہدایت کی ہے کہ وہ محمد وسیم سے کسی بھی قسم کا رابطہ نہ رکھیں۔

☆☆☆☆☆